سوال

(513)اعتکاف اگرایک ہی شخص محلے کا کرے توکیا سب کی طرف سے کافی ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رمضان المبارک میں اعتکاف اگرایک ہی شخص محلے کا کرے توکیا سب کی طرف سے کافی ہے ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حنفیہ کے نزدیک اعتکاف سنت کفایہ ہے ان کے نزدیک توایک کا بیٹھنا سب سے کفایت کرتا ہے ۔ مگراس دعوے کی دلیل میرے ناقص علم میں نہیں ۔ اس لئے اس کو عین سنت جانتا ہوں ۔ آپ ﷺ کی ساری بیویاں معہ آپ ﷺ کے اعتکاف بیٹھتی تھیں ۔ گو آپ ﷺ نے ان کو اٹھا دیا تھا ۔ مگراس کی وجہ کچھ اور تھی ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص657

محدث فتویٰ